ویکسین سے متعلق معلومات کا بیان

# RSV (سانس کے کثیر نواتی خلیوں کے وائرس - Respiratory Syncytial Virus) کی ویکسین: آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے

Many Vaccine Information Statements are available in Urdu and other languages. See www.immunize.org/vis

ٹیکے کی معلومات کے بہت سارے بیانات اردو اور دوسری زبانوں میں دستیاب ہیں۔ کریں www.immunize.org/vis ملاحظہ

## 1. ویکسین کیوں لگوائیں؟

**RSV ویکسین** سانس کی نالی کے نچلے حصے کی بیماری کا تدارک کر سکتی ہے جو **سانس کے کثیر نواتی خلیوں کے وائرس (RSV) کی وجہ سے ہوتی ہے**۔ RSV سانس کا ایک عام وائرس ہے جو عموماً معمولی، نزلے جیسی علامات کا سبب بنتا ہے۔

RSV ہر عمر کے لوگوں میں بیماری کا سبب بن سکتا ہے لیکن خاص طور پر بچوں اور بزرگوں کے لیے سنگین ہو سکتا ہے۔

- RSV امریکی شیرخوار بچوں میں ہسپتال میں داخل ہونے کی سب سے عام وجہ ہے۔ 12 ماہ تک کے شیر خوار بچوں (خاص طور پر جو 6 ماہ اور اس سے کم عمر ہیں) اور ان بچوں میں جو وقت سے پہلے پیدا ہوئے تھے، یا جن کو پھیپھڑوں یا دل کی دائمی بیماری ہے یا جن کا مدافعتی نظام کمزور ہے، شدید RSV بیماری کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔
- RSV انفیکشن بعض بالغوں کے لیے خطرناک ہو سکتا ہے۔ شدید RSV بیماری کے لیے سب سے زیادہ خطرے والے بالغوں میں بزرگ افراد، خاص طور پر وہ لوگ جو دل یا پھیپھڑوں کی دائمی بیماری، کمزور مدافعتی نظام، بعض دیگر دائمی طبی حالات، یا نرسنگ ہومز میں رہنے والے شامل ہیں۔

RSV وائرس کے ساتھ براہِ راست رابطے سے پھیلتا ہے، جیسے کسی دوسرے متاثرہ شخص کی کھانسی یا چھینک سے آنے والے چھینٹوں کا آپ کی آنکھوں، ناک یا منہ پر گرنا۔ یہ کسی ایسی سطح جس پر وائرس موجود ہو، جیسے دروازے کی ہتھی، کو چھونے اور پھر اپنے چہرے کو چھونے سے بھی پھیل سکتا ہے۔

RSV انفیکشن کی علامات میں ناک بہنا، بھوک کا کم ہونا، کھانسی، چھینکیں، بخار، یا سینے میں خرخراہٹ شامل ہو سکتے ہیں۔ بہت چھوٹے بچوں میں، RSV کی علامات میں چڑچڑاپن (پریشانی)، سستی، یا اپنیا (سانس لینے میں 10 سیکنڈ سے زیادہ وقفہ) بھی شامل ہو سکتا ہے۔

زیادہ تر لوگ ایک یا دو ہفتوں میں شفایاب ہو جاتے ہیں، لیکن RSV سنگین ہو سکتا ہے، جس کے نتیجے میں سانس لینے میں دشواری اور آکسیجن کی سطح کم ہو جاتی ہے۔ RSV برونکیولائٹس (نرخرے کی نالیوں کی سوزش) اور نمونیا (پھیپھڑوں کے انفیکشن) کا سبب بن سکتا ہے۔ RSV بعض اوقات دیگر طبی حالتوں جیسے دمہ، پھیپھڑوں کے دائمی مزاحمتی مرض (پھیپھڑوں کی ایک دائمی بیماری جس سے سانس لینا مشکل ہو جاتا ہے) کی خرابی، یا دل کی ناکامی (جب دل جسم میں کافی خون اور آکسیجن پمپ نہیں کر سکتا) کا باعث بن سکتا ہے۔

بزرگ اور شیر خوار بچے جو RSV سے بہت بیمار ہوتے ہیں انہیں ہسپتال میں داخل ہونے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ حتیٰ کہ کچھ مر بھی سکتے ہیں۔

## 2. RSV ویکسین

RSV سے نوزائیدہ بچوں کے تحفظ کے لیے دو اختیارات ہیں: حاملہ خاتون کے لیے زچگی کی ویکسین اور بچے کو دی جانے والی حفاظتی اینٹی باڈیز۔ زیادہ تر بچوں کی حفاظت کے لیے ان میں سے صرف ایک اختیار کی ضرورت ہوتی ہے۔

CDC حاملہ خواتین کے لیے حمل کے **32 سے 36 ویں ہفتے تک RSV ویکسین کی ایک خوراک تجویز کرتا ہے تاکہ** ان کے بچوں میں زندگی کے پہلے 6 ماہ کے دوران RSV کی بیماری سے بچایا جا سکے۔ یہ ویکسین زیادہ تر ریاستہائے متحدہ امریکہ میں ستمبر سے جنوری تک دینے کی سفارش کی جاتی ہے۔ تاہم، کچھ مقامات پر (مثال کے طور پر، علاقے، ہوائی، الاسکا، اور فلوریڈا کے کچھ حصے)، ویکسینیشن کا وقت سال کے اس وقت کی بنیاد پر مختلف ہو سکتا ہے جب RSV علاقے میں گردش کرتا ہے۔

CDC 75 سال اور اس سے **زیادہ عمر کے اور 60 سے** 74 سال کی عمر کے بالغ افراد **کے لیے RSV ویکسین کی ایک بار کی خوراک کی سفارش کرتا ہے جن کو RSV کی شدید بیماری ہے**۔ 60 سے 74 سال کی عمر کے بالغ افراد میں وہ لوگ شامل ہیں جن کو دل یا پھیپھڑوں کی دائمی بیماری ہے، وہ لوگ جن کا مدافعتی نظام کمزور ہے، یا کچھ دیگر طویل مدتی طبی حالات ہیں، اور وہ لوگ جو نرسنگ ہومز میں رہتے ہیں۔

RSV کی ویکسین دوسری ویکسین کے ساتھ ایک ہی وقت میں دی جا سکتی ہے۔

## 3. اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے بات کریں

اپنے ویکسین فراہم کنندہ کو بتائیں اگر ویکسین لینے والے فرد کو:

- RSV کی ویکسین کی پچھلی خوراک کے بعد **الرجی زا ردِعمل ہوا ہو**، یا کوئی **شدید، جان لیوا الرجیاں ہوں**

کچھ معاملات میں، آپ کا نگہداشتِ صحت فراہم کنندہ مستقبل کی کسی ملاقات تک RSV ویکسینیشن کو ملتوی کرنے کا فیصلہ کر سکتا ہے۔

نزلے جیسی معمولی بیماریوں میں مبتلا افراد کو، ویکسین دی جا سکتی ہے۔ جو لوگ تھوڑے بہت یا شدید بیمار ہیں انہیں عام طور پر RSV ویکسین لگوانے سے پہلے صحت یاب ہونے تک انتظار کرنا چاہیے۔

آپ کا نگہداشتِ صحت فراہم کنندہ آپ کو مزید معلومات فراہم کر سکتا ہے۔

U.S. CENTERS FOR DISEASE CONTROL AND PREVENTION

## 4. ویکسین کے ردِعمل کے خطرات

- ٹیکہ لگانے کی جگہ پر درد، لالی، اور سوجن ہو جانا، RSV ویکسینیشن کے بعد تھکاوٹ (تھکا ہوا محسوس کرنا)، بخار، سر درد، متلی، اسہال، اور پٹھوں یا جوڑوں کا درد ہو سکتا ہے۔

سنگین اعصابی حالات، بشمول Guillain-Barré syndrome (GBS)، کچھ بڑے عمر کے بالغوں میں RSV ویکسینیشن کے بعد واقع ہوئے ہیں۔ اس وقت، 60 سال یا اس سے زیادہ عمر کے افراد میں RSV ویکسین کے بعد GBS کے بڑھتے ہوئے خطرے کی تصدیق یا انکار نہیں کیا جا سکتا۔

قبل از وقت پیدائش اور حمل کے دوران ہائی بلڈ پریشر، بشمول پری ایکلیمپسیا، حاملہ خواتین میں رپورٹ کیا گیا ہے جنہوں نے طبی آزمائشوں کے دوران RSV ویکسین حاصل کی تھی۔ یہ واضح نہیں ہے کہ آیا یہ واقعات ویکسین کی وجہ سے ہوئے تھے۔

لوگ بعض اوقات طبی طریقۂ کار، بشمول ویکسینیشن کے بعد بیہوش ہو جاتے ہیں۔ اگر آپ کو چکر آ رہے ہیں یا آپ کی بصارت میں تبدیلی آئی ہے یا کانوں میں گھنٹیاں بج رہی ہیں تو اپنے فراہم کنندہ کو بتائیں۔

کسی بھی دوا کی طرح، ویکسین کے شدید الرجی زا ردِعمل، دیگر سنگین چوٹ، یا موت کا باعث بننے کا بہت کم امکان ہوتا ہے۔

V-safe ایک حفاظتی نگرانی والا نظام ہے جو آپ کو CDC کے ساتھ اشتراک کرنے دیتا ہے کہ آپ، یا آپ کے منحصر، RSV ویکسین لینے کے بعد کیسا محسوس کرتے ہیں۔ آپ معلومات حاصل کر سکتے ہیں اور **vsafe.cdc.gov** پر V-Safe میں اندراج کر سکتے ہیں۔

## 5. اگر کوئی سنگین مسئلہ ہو تو کیا ہو گا؟

ویکسین لگائے گئے شخص کے کلینک سے نکلنے کے بعد الرجی زا ردِعمل ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کو شدید الرجی زا ردِعمل کی علامات نظر آئیں (چھپاکی، چہرے اور گلے میں سوجن، سانس لینے میں دشواری، دل کی تیز دھڑکن، چکر آنا، یا کمزوری)، تو **9-1-1** کو کال کریں اور اس شخص کو قریبی ہسپتال لے جائیں۔

دیگر ایسی علامات، جو آپ کے لیے تشویش کا باعث ہوں، کے لیے اپنے نگہداشتِ صحت فراہم کنندہ کو کال کریں۔

منفی ردِعمل کی اطلاع ویکسین کے ناموافق واقعہ کے رپورٹنگ سسٹم (Vaccine Adverse Event Reporting System, VAERS) کو دی جانی چاہیے۔ آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ عام طور پر یہ رپورٹ درج کرائے گا، یا آپ خود بھی کرا سکتے ہیں۔ VAERS ویب سائٹ **www.vaers.hhs.gov** پر دیکھیں یا **1-800-822-7967 پر کال کریں**۔ *VAERS صرف ردِعمل کی اطلاع دینے کے لیے ہے، اور VAERS کے عملے کے اراکین طبی مشورہ نہیں دیتے ہیں۔*

## 6. میں مزید کیسے جان سکتا ہوں؟

- اپنے نگہداشتِ صحت فراہم کنندہ سے پوچھیں۔
- اپنے مقامی یا ریاستی محکمۂ صحت کو کال کریں۔
- ویکسین پیکج کی پرچی اور اضافی معلومات کے لیے فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن (FDA) کی ویب سائٹ یہاں ملاحظہ کریں **www.fda.gov/vaccines-blood-biologics/vaccines**
- بیماریوں کے کنٹرول اور روک تھام کے مراکز (Centers for Disease Control and Prevention, CDC) سے رابطہ کریں:
  - کال کریں **1-800-232-4636 (1-800-CDC-INFO)** پر یا
  - CDC کی ویب سائٹ **www.cdc.gov/vaccines** ملاحظہ کریں۔